24/05/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

وزیر خارجہ

امریکی خارجہ وزیر مارکو روبیو آج نئی دلی میں خارجہ وزیرڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ دو طرفہ معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

اس سے قبل کل وزیر اعظم نریندر مو دی اور امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے نئی دلی میں بھارت ۔امریکہ جامع عالمی کلیدی ساجھے داری میں پیش رفت اور علاقائی اور عالمی امن و سلامتی سے وابستہ معاملات پر بات چیت کی۔

وزیر اعظم نے ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ بھارت اور امریکہ عالمی سطح پر فلاح و بہبود کےلئے باہمی اشتراک سے کام کر تے رہیں گے۔

واضح رہے کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو بھارت کے 4روزہ دورے پر آئے ہوئے ہیں، وہ اس مہینے کی 26 تاریخ کو کوارڈ وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے کہا ہے کہ جموں کشمیرنشہ مکت ابھیان اب زمینی سطح پر ایک طاقت ور تحریک میں تبدیل ہو گیا ہے۔ انہوننے کہا کہ43 روز پہلے جموں سے شروع کئے گئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت اور یوٹی کی ہر گلی اور ہر کونے سے یہ آواز آرہی ہے کہ جموں کشمیر میں کسی بھی ڈرگ سمگلر کو نہ بخشا جائے ۔ وہ شوپیان میں کل ضلع انتظامیہ کی جانب سے منعقدہ منشیات مخالف پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد خطاب کررہے تھے ۔

Terrorism ایل جی نے کہا کہ انتظامیہ کے ساتھ ساتھ عام لوگ بھی جموں کشمیر سے نارکو کو ختم کرنے کے لئے پُر عزم ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ منشیات ہمارے نوجوان پود کو اندر ہی اندر کھوکھلا کر کے انہیں ترقی کی پٹری سے ہٹا رہا ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر نے مزید کہا کہ ابھیان شروع ہونے سے اب تک 797 ایف آئی آر درج کئے گئے ، 894 ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ 457 ڈرائیونگ لائسنس رد کر کے 606 گاڑیوں کی رجسٹریشن بھی منسوخ کی گئی ہے ۔

...........LG...........

LGملاقات

سیو یوتھ سیو فیوچر فاؤنڈیشن کے ایک وفد نے کل لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔وفد میں ڈسٹرکٹ ہیڈ شوپیان راسخ احمد شیخ، ڈسٹرکٹ ہیڈ اننت ناگ ایڈووکیٹ شاہد الاسلام، اور زونل کوآرڈینیٹر جنوبی کشمیر ارشاد احمد بٹ شامل تھے۔ادھرلیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کوکل ڈاکٹر آشیش کول کی تحریرکردہ کتاب Parmeshwari Agitation of Kashmir پیش کی گئی۔

یہ کتاب مصنف کے والدین رتن کول اور پشپا کول نے پیش کی۔دریں اثنا ڈیف کرکٹ ایسوسی ایشن جموں و کشمیر کے ایک وفد نے عمر اشرف بیگ کی قیادت میں لیفٹیننٹ گورنر جناب منوج سنہا سے ملاقات کی۔

حج

آج ہجری مہینے ذوالحجہ کی7تاریخ ہے ۔ ان دنوں لاکھوں کی تعداد میں حج عازمین سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں حج کی ادائیگی کےلئے جمع ہو رہے ہیں۔

واضح رہے کہ مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ کل سے شروع ہو رہا ہے۔ اس دن عازمین حج احرام باندے ہوئے پورا دن منٰی میں گذاریں گے۔ 9ذوالحجہ کو نماز فجر کے بعد عازمین وقوف عرفات کےلئے میدانِ عرفات روانہ ہو جائیں گے۔

اعجاز بشیر

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے یو ٹی کے کالجوں میں داخلے کے خواہشمند امید واروں سے کہا ہے کہ وہ داخلے کیلئے کالج آپشن کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرینتاکہ انہیں کسی نہ کسی کالج میں داخلہ مل سکے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اس تعلق سے کہا۔

........Aijaz Bashir........

Census

ڈائریکٹر سنسس آپریشنز جموں وکشمیر امت شرما نے جموں میں ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

کی پیش رفت اور مردم شماری 2027کی تیاریوں کا Selfe numeration میٹنگ کے دوران جائزہ لیا گیا۔

انہوںنے افسران کو ہدایت دی کہ وہ وسیع عوامی بیداری مہم کو تیز کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ آن لائن پورٹل کے ذریعے اپنا اندراج کرا سکیں۔

تعزیت

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے میڈیا کارڈنیٹر بشیر احمد بیگ کی والدہ کے انتقال پر آکاشوانی سرینگر کے شعبہ خبر کے عملے نے مرحومہ کی وفات پر افسوس کا اظہار کیا۔ عملے نے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کر تے ہوئے مرحومہ کی جنت نشینی کی دعا کی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13اعشاریہ 1ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ26 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

……………………………………

……………………

………